20-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الحدیث	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	الشهادة الثانوية العامة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "لا تمس النار" کا معنی ہے:

(الف) آگ نہیں جلے گی (ب) آگ نہیں جلائے گی (ج) آگ نہیں چھوئے گی (د) آگ جل جائے گی

2۔ "خرج" کا معنی ہے:

(الف) وہ گیا (ب) وہ آیا (ج) وہ نکلا (د) وہ چلا گیا

3۔ جس نے حضور ﷺ کو دیکھا اور آپ ﷺ پر ایمان لایا اسے کہتے ہیں:

(الف) صحابی (ب) تابعی (ج) تبع تابعی (د) ولی

4۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کو نہ دو:

(الف) تکلیف (ب) بدنامی (ج) گالی (د) برائی

5۔ "یغزون" کا معنی ہے:

(الف) وہ بھاگ جائیں گے (ب) وہ چلے گئے (ج) وہ جنگ نہیں کریں گے (د) وہ جنگ کرینگے

6۔ اللہ نے تمام سے بہتر پایا:

(الف) روح محمد ﷺ کو (ب) بدن محمد ﷺ کو (ج) قلب محمد ﷺ کو (د) صفات محمد ﷺ کو

7۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں ہوتا:

(الف) انصار کا ایک فرد (ب) مہاجرین کا فرد (ج) مکہ کا رہنے والا (د) مدینہ کا رہنے والا

8۔ "قل لا أسئلكم عليه أجرا إلا المودة فى القربى" یہ آیت ہے:

(الف) سورۃ دخان کی (ب) سورۃ شوریٰ کی (ج) سورۃ نمل کی (د) سورۃ عنکبوت کی

9۔ "سِبط" پوتے کو بھی کہا جاتا ہے یہ قول ہے:

(الف) ملا علی قاریؒ کا (ب) قاضی عیاضؒ کا (ج) قاضی شریحؒ کا (د) امام محمدؒ

10۔ "یلثِم" کا معنی ہے:

(الف) آپ ﷺ توجہ فرماتے (ب) آپ ﷺ پیار کرتے (ج) آپ ﷺ چومتے (د) آپ ﷺ نظر فرماتے

ورق الٹئے

11۔ جس نے حسن اور حسین سے محبت کی اس نے مجھ سے رکھی:

(الف) دشمنی (ب) محبت (ج) عداوت (د) الفت

12۔ حدیث کا لغوی معنٰی ہے:

(الف) کلام کرنا (ب) گنگنانا (ج) چلنا (د) کام کرنا

13۔ جس میں حکم اللہ کا اور کلام حضور ﷺ کا ہو وہ حدیث ہے:

(الف) قدسی (ب) قولی (ج) فعلی (د) تقریری

14۔ آپ ﷺ نے جو کام کیا وہ کہلاتا ہے:

(الف) حدیث قدسی (ب) حدیث قولی (ج) حدیث فعلی (د) حدیث تقریری

15۔ خیبر کا دروازہ اکھاڑا:

(الف) حضرت ابو بکر صدیق نے (ب) حضرت عمرؓ نے (ج) حضرت عثمان غنیؓ نے (د) حضرت علی المرتضٰیؓ نے

16۔ علی میرے بعد ہر مسلمان کا ہے:

(الف) دوست (ب) ساتھی (ج) ولی (د) رازدار

17۔ ابو تراب لقب ہے:

(الف) حضرت صدیق اکبر کا (ب) حضرت عمر کا (ج) حضرت عثمان کا (د) حضرت علی کا

18۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی المرتضٰیؓ کو طلب فرمایا:

(الف) یوم فتح مکہ (ب) یوم الطائف (ج) یوم الفرقان (د) یوم الخیبر

19۔ "حفوۃ" کا معنی ہے:

(الف) درد (ب) شکوہ (ج) الم (د) محبت

20۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میرے بعد کوئی نہیں ہے:

(الف) رسول (ب) نبی (ج) پیغمبر (د) پیام بر

20-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الحدیث	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة الثانوية العامة (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): -----------------------------

---

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حدیث کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ بیان کریں۔
2۔ حدیث کی کتنی اور کون کونسی ابتدائی اقسام ہیں؟
3۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟
4۔ "قال طوبى لمن رآني" کا ترجمہ کریں۔
5۔ محبت حسنین میں کوئی ایک حدیث تحریر کریں۔
6۔ "قل لا أسئلكم عليه أجرا" کا ترجمہ کریں۔
7۔ "فوضع إحدى يديه تحت قفا" کا ترجمہ کریں۔
8۔ واقعہ کربلا کی تاریخ اور کربلا کے بارے میں مختصراً لکھیں۔
9۔ حضرت علی کے ابو تراب ہونے کی وجہ تحریر کریں۔
10۔ ولایت علی کے بارے حضور ﷺ کا قول مبارک تحریر کریں۔
11۔ "ألست أولى بالمؤمنين من أنفسهم" کا ترجمہ کریں۔
12۔ حضرت علی کی شان میں کوئی ایک حدیث تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ صحابی، تابعی اور تبع تابعی کی تعریف لکھیں۔
2۔ "قال خير أمتي قرني" کا ترجمہ کریں۔
3۔ حضور ﷺ نے خلفاء راشدین کی فضیلت کیا بیان فرمائی؟
4۔ "فقال و مالي لا أحبهما ريحانتاي" کا ترجمہ کریں۔
5۔ حضرت حسین کی شہادت کے بارے میں حضور ﷺ کو کیا خبر دی گئی؟
6۔ حسنین کریمین جب آپ ﷺ کے پاس سے گزرتے تو حضور ﷺ کا کیا معمول مبارک ہوتا اور آپ ﷺ کیا ارشاد فرماتے؟
7۔ اہل بیت سے محبت کرنے والوں کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟
8۔ حضور ﷺ جب جہاد کیلیے جاتے تو آپ ﷺ کے ساتھ کونسی خواتین ہوتیں؟ دو کے نام لکھیں۔
9۔ "قال علي مني و أنا من علي" کا ترجمہ کریں۔
10۔ حضرت علی سے محبت کرنے والوں کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟
11۔ "النظر إلى وجه علي عبادة" کا ترجمہ کریں۔
12۔ قلعہ خیبر کے بارے میں مختصر بیان کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "قال النبی ﷺ: لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ" حدیث کا ترجمہ کریں نیز صحابہ کو گالی دینے یا برا بھلا کہنے کے بارے میں تفصیلی بحث مع دلائل تحریر کریں۔

ii. حسنین کریمین کی فضیلت قرآن و حدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. حضرت علی بن ابی طالب کی فضیلت قرآن و حدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. "فقال: إن الله نظر فی قلوب العباد فوجد قلب محمد خیر قلوب العباد فاصطفاه لنفسه فابتعثه برسالته ثم نظر فی قلوب العباد بعد قلب محمد ﷺ فوجد قلوب أصحابه خیر قلوب العباد فجعلهم وزراء بنبیه یقاتلون علی دینه فما رأی المسلمون حسناً فهو عند الله حسنا وما راؤا سیئا فهو عند الله سیئ" *حدیث پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔*

ii. "قالوا: ومن قرابتك هولا الذین وجبت علینا مودتهم ؟ قال علی و فاطمة و أبناهما" *حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز آپ ﷺ کی قرابت میں کن کن کو شامل کیا گیا ہے تفصیل سے بیان کریں۔*

iii. "عن عائشه رضی اللہ عنہا قالت: خرج النبی ﷺ غداة وعلیه مرط مرحل من شعر أسود فجاء الحسن ابن علی فأدخله ثم جاء الحسین فدخل معه ثم جاءت فاطمة فأدخلها ثم جاء علی فأدخله ثم قال إنما یرید الله لیذهب عنکم الرجس أهل البیت ویطهرکم تطهیرا" *حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز اہل بیت اطہار کی حدیث کی رو سے فضیلت بیان کریں۔*